(۳)

نام کتاب : سوانح شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنیؒ

مرتب : مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت : 272 صفحات ۔ قیمت: 120 روپے

ناشر: القاسم اکیڈمی' جامعہ ابو ہریرہ' برانچ پوسٹ آفس' خالق آباد' نوشہرہ (سرحد)

مولانا عبدالقیوم حقانی صاحبِ طرز ادیب اور معروف عالم دین ہیں۔ وہ کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ علمائے اُمت کی خدمات کو اجاگر کرنا آپ کے مزاج کا حصہ ہے۔ مولانا سید حسین احمد مدنیؒ کے سوانح حیات اُن کے اسی جذبے کا مظہر ہیں۔

شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنیؒ پر بہت سی کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ مصنف نے مختلف کتابوں اور شخصیات سے استفادہ کر کے حضرت کے سوانح یکجا کر دیے ہیں۔ یہ کتاب سترہ ابواب پر مشتمل ہے' جن میں آپ کے حسب ونسب' خاندانی حالات' تحصیل علم دینی' اکابر اساتذہ خصوصاً شیخ الہند مولانا محمود حسن سے اکتسابِ فیض' اسارتِ مالٹا' استخلاصِ وطن کی جدوجہد' مدینہ منورہ میں درس قرآن و حدیث' دارالعلوم دیوبند میں تدریسی اور انتظامی ذمہ داری اور ذوقِ شعر و ادب کے تذکرے خوبصورت انداز میں ملتے ہیں۔ بزرگوں کے سوانح نوجوان نسل کے لیے محنت کی عظمت واضح کرنے کا مؤثر ذریعہ ہوتے ہیں۔ شیخ الاسلام کے یہ سوانح یقیناً بعد میں آنے والوں کے لیے جرأت' حق گوئی' خدمت خلق' ایثار و توکل' ذوقِ عبادت' شوقِ تلاوت' حبِ رسول' خدمتِ استاد اور استقامت کا درس لیے ہوئے ہیں۔

سنت نبویؐ کی پیروی کرنے والوں کو مخالفانہ سرگرمیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ آپ کے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا۔ مخالفوں کی طعن و تشنیع اور الزام تراشی کے علاوہ آپ کو قید و بند کی صعوبتیں بھی برداشت کرنا پڑیں مگر آپ کے پائے استقامت میں لرزش نہ آئی۔ اس کا تذکرہ بھی اس کتاب میں ملے گا۔

حقانی صاحب کی یہ کوشش بھی قابل تعریف و تحسین ہے۔ مدارس کے طلبہ کے لیے اس کتاب کا مطالعہ بہت مفید رہے گا۔ کتاب کی جلد مضبوط اور ٹائٹل خوبصورت ہے۔